# قطعات

## عبدالحمید عدم، نریش کمار شاد، عزیز بلگامی

**Four Mark Questions**

I کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے:

۱ کس آسانی سے وہ ٹوٹے ہوئے دل جوڑ دیتا ہے (E)
خوشی سے بولنا جس شخص کا معمول ہو جائے
عدم ہر مسئلہ دل کا سلجھ سکتا ہے خوبی سے
خرد انسان کی تھوڑی سی گر معقول ہو جائے

۲ پھر بھی دنیا سے امید وفا ہے (E)
تجھے اے زندگی! کیا ہو گیا ہے
بڑی ظالم نہایت بے وفا ہے
یہ دنیا پھر بھی کتنی خوش نما ہے

۳ درد ہی درد بھر گیا دل میں (E)
اتنا حساس کر دیا غم نے
جب کسی آنکھ سے گرا آنسو
اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

۴ اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے (E)
نہ ہم سفر ہی، نہ رختِ سفر، نہ رہبر ہے
نظر سے کس لیے اوجھل ہے آخرت کا سفر
یہی سفر تو، ہر اک شخص کا مقدر ہے

....................................